سوال

(263)وصیت نامہ کی فوٹوکاپی کوفروغ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں آپ کوایک کاغذ بھیج رہاہوں اس پرمدینہ شریف کے شیخ احمد نے وصیت نامہ بھیجا ہے پڑھ کر بتائیں کہ آیا یہ صحیح ہے یاغلط۔ (سخاوت علی DG/38 ینگ پوراوکاڑہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ وصیت نامہ بالکل جعلی اورجھوٹاہے سعودی عرب کے بڑے بڑے مشائخ اس کی کئی بارتردید کرچکے ہیں شیخ ابن بازرحمۃ اللہ علیہ نے اسے بالکل غلط قراردیا۔اس نام کامدینہ میں مسجد نبوی کے اندرکوئی آدمی نہیں لوگ اپنے غلط نظریات کا پرچارکرنے کےلئے کوئی نہ کوئی جعلی پوسٹر،وصیت نامہ وغیرہ شائع کردیتے ہیں جس کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی اصل دین کتاب و سنت ہےاپنے تمام مسائل کوان پرپرکھیں اللہ تعالیٰ راہ صواب پرقائم رکھے۔آمین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب البیوع، صفحہ:347

محدث فتویٰ